SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, August 04, 2008

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty eight minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللّٰه من الشیطٰن الرجیم

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم

وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ و یعفوا عن السیات و یعلم ما تفعلون- و یستجیب الذین امنوا و عملوا الصلحت و یزیدھم من فضلہ و الکفرون لھم عذاب شدید - ولو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا فی الارض ولکن ینزل بقدر ما یشاء انہ بعبادہ خبیر بصیر- وھوالذی ینزل الغیث من بعد ما قنطوا و ینشر رحمتہ وھو الولی الحمید-

ترجمہ: اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی اور درگزر کرتا ہے ان کی غلطیوں سے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو ۔اور وہی قبول کرتا ہے دعائیں ان لوگوں کی جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, August 04, 2008

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty eight minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ و یعفوا عن السیات و یعلم ما تفعلون۔ و یستجیب الذین امنوا و عملوا الصلحت و یزیدھم من فضلہ و الکفرون لھم عذاب شدید ۔ ولو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا فی الارض ولکن ینزل بقدر ما یشاء انہ بعبادہ خبیر بصیر۔ وھوالذی ینزل الغیث من بعد ما قنطوا و ینشر رحمتہ وھو الولی الحمید۔

ترجمہ: اور وہی ہے جو توبہ قبول کرتا ہے اپنے بندوں کی اور درگزر کرتا ہے ان کی غلطیوں سے اور جانتا ہے جو تم کرتے ہو ۔اور وہی قبول کرتا ہے دعائیں ان لوگوں کی جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے

رہے اور (ان کے حق سے بھی) انہیں زیادہ (اجر) دیتا ہے اپنی مہربانی سے اور کفار ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اور اگر کشادہ کر دیتا اللہ تعالیٰ رزق کو اپنے (تمام بندوں) کے لیے تو وہ سرکشی کرنے لگتے زمین میں لیکن وہ اتارتا ہے ایک اندازے سے جتنا چاہتا ہے۔ بے شک وہ اپنے بندوں (کے احوال) سے خوب آگاہ ہے، سب کچھ دیکھنے والا ہے اور وہی ہے جو برساتا ہے مینہ اس کے بعد کہ لوگ مایوس ہو چکے ہوتے ہیں اور پھیلا دیتا ہے اپنی رحمت کو اور وہی کارساز حقیقی (اور) سب تعریفوں کے لائق ہے۔

(سورۃ شوریٰ، آیات ۲۵ تا ۲۸)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد۔

I welcome you all to our 45th session. We have a Senator elect whom I would request to come and take oath with us, Shah sahib.

(Desk Thumping)

(Syed Akbar Shah took oath as Member of the Senate)

جناب چیئرمین: رضا صاحب، پریس کا کوئی issue ہے، اگر کسی کو بھیج کر دیکھ لیتے۔۔۔۔۔۔۔

(اس موقع پر پریس گیلری سے صحافی حضرات احتجاجاً واک آؤٹ کر گئے)

سینیٹر کامل علی آغا (قائد حزب اختلاف): جی میں اس پر تھوڑی سی بات کرنا چاہوں گا کیوں کہ پریس گیلری کے اندر بڑی تشویش پائی جارہی ہے اور ہیجانی کیفیت ہے۔

جناب چیئرمین، ایسا ہے کہ کل "جناح" اخبار کی ٹیم کے ساتھ زیادتی کی گئی اور ان کو زدوکوب کیا گیا اور ان کو ایک گھنٹہ حبس بے جا میں رکھا گیا ہے۔ اصل میں واقعہ یہ ہوا ہے کہ چھٹی کے دن خواتین اساتذہ کو اسکول بلانے والے ڈائریکٹر ایجوکیشن نے "جناح" ٹیم پر تشدد کیا، یرغمال بنایا گیا، فوٹو گرافر شدید زخمی ہوا، ڈائریکٹر نے خواتین کو مالی معاملات طے کرنے کے لیے سکول بلایا تو اساتذہ نے چیف ایڈیٹر "جناح" کو اطلاع دے دی۔ "جناح" کی ٹیم نے

coverage شروع کی تو ڈائریکٹر اور اس کے ساتھی ٹوٹ پڑے، رپورٹر اور فوٹو گرافر پر تشدد کیا، کیمرہ توڑ دیا، ایک گھنٹہ تک یرغمال بنایا گیا، پولیس اور دیگر صحافیوں نے فوٹو گرافر مبشر تیموری کو بازیاب کروایا، ہسپتال میں طبی معائنہ کرایا، مجسٹریٹ خالد امین PIO موقع پر پہنچ گئے۔ "جناح کی ٹیم پر تشدد، آزادی صحافت پر حملہ۔"

جناب، یہ lead story آج "جناح" اخبار میں چھپی ہے اور ہمارے بھائی اس پر احتجاج کررہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جمہوریت کے دعویداروں کی حکومت ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے صحافی حضرات کے کاندھوں پر چڑھ کر حکومت تک پہنچنے کا سفر طے کیا ہے۔ آج جو کچھ صحافت کے ساتھ ہورہا ہے اور channels کے ساتھ جو ہورہا ہے اور جس طریقے سے ان کو threats دی جارہی ہیں اور جو اس حکومت کی چھتری کے نیچے یہ افسران اور bureaucracy ان کے ساتھ کررہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ ہم حقدار ہیں کہ ہم اپنے صحافی بھائیوں کے ساتھ شامل ہوں۔ ہم بھی ان کے ساتھ علامتی واک آؤٹ کریں گے۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین واک آؤٹ کرگئے)

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد ایوان): جناب چیئرمین! منسٹر صاحب اور سینیٹر بلوچ صاحب پریس گیلری میں پتا کرنے جا رہے ہیں۔ یقیناً یہ ایک شرمناک واقعہ ہے اور مجھے اس کا افسوس ہے کہ اس مسئلے کو politicize کیا گیا کیونکہ حکومت کا اس سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ آج آزادی صحافت کی بات وہ جماعت اور وہ لوگ کر رہے ہیں جو پیمرا آرڈیننس لانے میں شامل رہے ہیں۔ آج آزادی صحافت کی بات وہ لوگ اور جماعت کر رہی ہے جو اس ایوان میں کھڑے ہو کر اپنی ماضی کی حکومت کے شرمناک attacks جو صحافیوں پر ریاست کی طرف سے ہوتے تھے، ان کو وہ defend کرتے تھے۔ آج وہ آزادی صحافت کی بات کر رہے ہیں۔ یہ جو act ہوا ہے اس کو ہم condemn کرتے ہیں۔ فاضل وزیر صاحب ان سے بات کرنے کے لیے گئے ہیں and I can assure you that اس کے خلاف حکومت action لے گی۔

جناب چیئرمین، اس کو دیکھ لیجیے اور میرا خیال ہے کہ اگر اپوزیشن آ جائے تو ان

سے بھی بات کریں تو we can continue with the proceeding.

Panel of Presiding Officers

Now, I announce the Panel of Presiding Officers. for this session. In pursuance of sub rule (1) of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988. I nominate the following members in order of precedence to form a panel of presiding officers for 46th session of the Senate of Pakistan.

1. Senator. Muhammad Ishaq Dar.
2. Senator Dr. Safdar Ali Abbasi.
3. Senator Col. (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi.

سینیٹر سید اکبر شاہ، پوائنٹ آف آرڈر---

جناب چیئرمین، شاہ صاحب! ابھی ابھی ہم نے میٹنگ میں آپس میں فیصلہ کیا ہے کہ points of order اس سیشن میں نہیں ہوں گے اور سینیٹر حضرات اپنی تقاریر میں جو کچھ کہنا ہو کہہ دیں گے۔

سینیٹر سید اکبر شاہ: جناب والا میرا مسئلہ بڑا اہم ہے۔ ابھی ابھی خبر آئی ہے کہ ایف سی والے خضدار میں تمام بے گناہ لوگوں کو گرفتار کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ میری پارٹی کے قائد میر اسرار اللہ زہری کو بھی گرفتار کیا گیا ہے لہذا میں اس سلسلے میں واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس موقع پر سینیٹر سید اکبر شاہ ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! یہ بڑا important case ہے پہلے ہمیں یہ بتایا جائے کہ واقعی اس قسم کا کوئی واقعہ ہوا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب چیئرمین! رضا صاحب کو طلب کیا جائے اور وہ اس واقعہ کے متعلق فوری طور پر بتائیں کیونکہ یہ بہت اہمیت کا مسئلہ ہے اور بلوچستان کے

ساتھ اگر اس طرح کی زیادتی ہو کہ آج مشرف صاحب بھی وہاں دورے پر ہیں، اگر اس کے دورے کے دوران بھی اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں اور خضدار کے بے گناہ لوگوں کو گرفتار کیا جاتا ہے اور زہری صاحب تو ایک سینیٹر ہیں اور ایک ذمہ دار پارٹی کے head ہیں ان کو اگر گرفتار کیا گیا ہے تو ہم اس کی مذمت بھی کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین، رضا صاحب کو سن لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی، جناب چیئرمین! میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کر سکتی ہوں۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ اگر ایک نے کیا تو سب شروع ہو جائیں گے۔ ابھی میٹنگ میں فیصلہ ہوا تھا کہ points of order نہیں ہوں گے لیکن جب تک اپوزیشن ایوان میں واپس آتی ہے تب تک آپ کر لیں but I can't allow others after that till the Opposition comes back.

Senator Saadia Abbasi: Sir, my point of order relates to the appointment of the new PTV Chairman.

یہ July 1st, 2008 'News International' میں خبر ہے کہ پی ٹی وی کے نئے Chairman ڈاکٹر شاہد مسعود appoint کیے گئے ہیں، ان کو ایک extraordinary package دیا گیا ہے۔ اس خبر کو حکومت کی طرف سے contradict نہیں کیا گیا۔ اس خبر کے مطابق جو میں نے پڑھی ہے، وہ کوئی تقریباً سات سے آٹھ لاکھ روپیہ مہینے کا بنتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ ان کو مزید مراعات بھی دی جائیں گی ۔ اس حوالے سے Ministry of Information سے میری درخواست ہے کہ وہ اس سلسلے میں وضاحت کریں کہ ایک غریب ملک پر اتنا زیادہ بوجھ ڈالنا خاص طور پر ان حالات میں جن میں ہمارے ملک کے عام آدمی کے لیے جینا مشکل ہے، اس طرح کا package کس طرح اور کن قوانین کے تحت انہوں نے دیا ہے؟

جناب چیئرمین، آپ نے پی ٹی وی کے چیئرمین کا point raise کیا ہے وہ رضا صاحب سن رہے ہیں اور اس کا جواب دیں گے۔ ابھی باقی proceeding ہم کر لیتے ہیں۔

سینیٹر سعدیہ عباسی، میں اسی حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب چیئرمین، میں نے یہی کہا تھا کہ جب تک اپوزیشن کے ممبر واپس آتے ہیں آپ پوائنٹ آف آرڈر کرلیں کیونکہ پھر ایک اور نیا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

سینیٹر سعدیہ عباسی، جناب چیئرمین! نگران حکومت میں پی ٹی وی میں ایک appointment کی گئی تھی اور اس شخص کے بارے میں ہم نے اسی فلور پر objection raise کیا تھا اور اس appointment کو withdraw کیا گیا تھا محض اس لیے کہ ان کو جو package offer کیا گیا تھا وہ اتنے extraordinary benefits تھے جو commensurate نہیں تھے with the Rules of Business of the Government of Pakistan اسی حوالے سے میری یہ خواہش ہے کہ اس معاملے کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ یہ معاملہ وہاں take up کیا جائے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے point of order میں ایسا نہیں کرتے

you can move it separately. We will look at it. We will now continue with the proceeding of the House. We welcome the Opposition back to the House. Raza Sahib.

آپ کی غیرموجودگی میں سینیٹر زہری صاحب کی گرفتاری کا مسئلہ اٹھایا گیا تھا---

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I will make a statement in this regard.

مجھے ابھی میرے دفتر سے میرے عملے نے بتایا ہے کہ ان کو زہری صاحب کا بھی فون آیا ہے اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ پورے علاقے کو محاصرے میں لیا گیا تھا۔ چونکہ پورا علاقہ محاصرے میں تھا تو اس وقت he was considered under arrest. Now, he is out. وہ اس محاصرے میں نہیں ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ ابھی شاید اور پولیس وغیرہ والے بھی اسی محاصرے میں ہیں۔ میں کراس چیک کر لیتا ہوں لیکن بہرحال زہری صاحب

according to the information that I have received just now he is not under arrest. He is out and I will just cross check and come back to the

House.

Obituary

Mr. Chairman: Two of our former Senators died since we had last met and also the mother of our illustrious colleague Mr. Ilyas Bilour passed away.

ان کے لیے ہم فاتحہ پڑھ لیں ۔ خالد محمود سومرو صاحب! دعا کریں الیاس بلور صاحب کی والدہ کے لیے اور ہمارے ساتھیوں کے لیے اور جو دوسری وفات ہوئی ہیں ان کے لیے بھی۔

(سینیٹر خالد محمود سومرو نے دعا کرائی)

Mr. Chairman: We have two condolence resolutions for the ex-Senators. Raza Rabbani Sahib.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب والا! last session کے بعد دو سینیٹرز وفات پا گئے ہیں "ایک سینیٹر ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب اور دوسرے سینیٹر امداد علی اعوان صاحب۔ آپ کی اجازت سے پہلے میں سینیٹر ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب کی resolution پڑھتا ہوں۔

This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Doctor Bisharat Ellahi. Dr. Bisharat Ellahi was a distinguished politician and a seasoned parliamentarian. He was elected as Senator from the Punjab for the period from 1988 to 1994. He also remained Chairman of the Punjab Chief Minister's Medical Inspection Team and Chairman of Lahore District Health Advisory Board. He rendered valuable services in the field of population welfare and planned parenthood and other disciplines of health in Pakistan.

This House expresses its deepest sympathies with the bereaved family. We pray to Almighty Allah to shower his infinite blessings and

rest his soul in enternal peace. A copy of this resolution may be sent to the bereaved family.

Mr. Chairman: I think, this is the unanimous feeling of the House.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, now if I have your permission, I would read the second resolution. This House expresses its profound grief and sorrow over the sad demise of former Senator Mr. Imdad Ali Awan.

Mr. Imdad Ali Awan was a distinguished politician, a seasoned parliamentarian and an Advocate by profession He remained as Senator from the Province of Sindh during 1993 to 1994. He was the President of the Sukkur High Court Bar on a number of occasions, remained a member of the Sindh and Pakistan Bar Councils a number of times. He was in the fore-front of the struggle for democracy, supremacy of parliament and the judiciary, rule of law and the restoration of the Constitution of 1973. He was jailed in the ongoing struggle of lawyers movement.

This House expresses its deepest sympathies with the bereaved family. We pray to Almighty Allah to shower his infinite blessings and rest his soul in enternal peace. A copy of this resolution may be sent to the bereaved family.

Mr. Chairman: I think, this is a unanimous feeling also and the needful will be done. Senator Rehmat Ullah Kakar Sahib.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ (وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس)، شکریہ

جناب چیئرمین! میں اور الیاس بلور صاحب گئے اور اپنے دوستوں کو منا کر لائے۔ ان کی جو شکایات تھیں ہم نے ان کو یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم اس کی باقاعدہ FIR کے لئے متعلقہ SP سے بات کریں گے۔ یہ مارگلہ تھانے کا کیس ہے۔ یہ حکومت freedom of Press پر یقین رکھتی ہے۔ ہم کسی کے ساتھ زیادتی ہونے نہیں دیں گے۔ میں نے ان کو حکومت کی طرف سے یقین دلایا ہے کہ ان کے ساتھ مکمل انصاف کیا جائے گا اور FIR کی کاپی ان کو provide کی جائے گی اور ہم دوستوں کے مشکور ہیں کہ انہوں نے بائیکاٹ ختم کیا اور تشریف لا چکے ہیں۔ شکریہ۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! یہ بات نہیں ہے۔ بات اس طرح سے ہے کہ یہ واقعہ کل ہوا ہے۔ حکومتی وزیر صاحب یہ کہہ رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک admission ہے on the Floor of the House کہ ایک زیادتی ہوئی، کل ہوئی ہے اور آج تک اس کی FIR lodge نہیں کی گئی۔ ان کو یہ بیان کرنا چاہیے کہ یہ کوتاہی کیوں ہوئی۔ ان کو on the Floor of the House یہ بتانا چاہیے تھا۔ ہمارے دور میں بھی کچھ واقعات ہوئے۔ ہم نے صحافیوں سے بھی گفتگو کی۔ اسی وقت رپورٹ منگوائی اور جو کوتاہی کرنے والا تھا اس کے متعلق ہم نے یہ بھی رپورٹ کیا کہ ہم یہ تادیبی کارروائی اس کے متعلق کریں گے۔ اس کے اندر تو جناب واضح کرپشن موجود ہے۔ اس کی رپورٹ یہ ہے کہ اتوار کے دن مالی معاملات طے کرنے کے لئے ڈائریکٹر ایجوکیشن نے وہاں پر ان اساتذہ کو طلب کیا ہوا تھا۔ کرپشن بھی ہے اس کے اندر۔ تو یہ پردہ داری سے کام نہ لیں۔ ان کو یہ بتانا چاہیے کہ اس وقت تک جو FIR درج نہیں ہوئی اتنے بڑے اقدام کے بعد، آزادی صحافت کے علمبردار جو ہیں انہوں نے جھنڈا اٹھایا ہوا تھا آزادی صحافت کا، انہوں نے یہ کوتاہی کیوں کی اور اتنی بڑی زیادتی کے ذمہ دار کون لوگ ہیں؟ یہ ان کو بتانا چاہیے تھا۔

جناب چیئرمین: جناب بلور صاحب۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب چیئرمین! میں اپنے دوست اور ساتھی لیڈر آف دی اپوزیشن کے جذبات کا بڑا احترام کرتا ہوں۔ جھنڈا اور ڈنڈا دونوں انہوں نے اٹھائے ہوئے ہیں۔

ہم یہ فیصلہ ان سے کرکے آئے ہیں کہ یہ FIR جو درج نہیں ہوئی یہ بھی غلط ہوا ہے۔ ہم ان سے یہ فیصلہ کرکے آئے ہیں کہ انشاء اللہ FIR درج ہوگی اور اس آدمی کے خلاف ایکشن بھی لیا جائے گا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اتوار کے دن کہیں دفتر میں لوگوں کو نہیں بلایا جاتا۔ اب جب اس کی انکوائری ہوگی تو پتا چلے گا کہ کیا اس میں financial corruption involved ہے؟ لیکن اس کی FIR جو ابھی تک درج نہیں ہوئی اس کا بھی پتا کیا جائے گا کہ کیوں نہیں ہوئی، آخر وجہ کیا ہے۔ پریس والے کی FIR کیوں درج نہیں ہوئی۔ ایسی بات نہیں ہے لیکن ہم نے ان کو تسلی دی ہے اور یہ ہمارے جو جذباتی لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب ہیں ان سے ہم request کرتے ہیں کہ ہم ان سے بات کرکے آئے ہیں اور انشاء اللہ اس بات کو ہم یقیناً پورا بھی کریں گے۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ وہ وعدہ ہی کیا جو وفا نہ ہوا۔ فکر نہ کریں۔

Mr. Chairman: We will take up the leave applications.

Leave of Absence

جناب چیئرمین: ڈاکٹر جاوید لغاری اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ اجلاس میں مورخہ ۱۴ اور ۱۵ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب ایس ایم ظفر ذاتی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ ۴۴ ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۱۵ اور ۱۸ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب مشاہد حسین سید نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ ۴ اور ۵ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: محترمہ سیمیں صدیقی نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ ۴ تا ۶

اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: نواب محمد ایاز خان جوگزئی نے بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب آصف جتوئی نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب محمد عفران خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۴ تا ۷ اگست کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: راجہ پرویز اشرف نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری مصروفیات کے باعث آج مورخہ ۱۴ اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

جناب حمید اللہ جان آفریدی نے اطلاع دی ہے کہ وہ شمالی علاقے کے سرکاری دورے پر ہیں اس لئے آج مورخہ ۱۴ اگست کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

تین آئٹم ہیں ان کو میرے خیال میں پہلے lay اور present کر لیتے ہیں۔ پھر we can go on what was agreed.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: ہمارے ایک معزز رکن سید اکبر شاہ صاحب نے واک آؤٹ کیا تھا۔ ان کا stand یہ تھا کہ ان کے ساتھ میر اسرار اللہ خان صاحب------

جناب چیئرمین: رضا صاحب نے اس issue پر بیان دے دیا ہے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: اس کے بعد یہ ہوا کہ مولانا گل نصیب صاحب اور ہم گئے اور ان کو لے آئے ہیں اور وہ واپس آ گئے ہیں۔ انہوں نے ہماری بات مان لی ہے۔

Mr. Chairman: Welcome back,

اور رضا صاحب نے اس پر بیان بھی دیا ہے۔ Item No. 2, Mr. Nisar Memon.

Presentation of Report of the Standing Committee

سینیٹر نثار احمد میمن: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ سے اجازت چاہوں گا، کہ میں Standing Committee on Defence and Defence Production کی جو رپورٹ ہے، 60th UN Peace Keeping Day, May 29th کو اس سال بھی منایا گیا۔ یہ دوسری دفعہ اس کمیٹی نے UN Peace Keeping Day کا منایا ہے، اس لئے کہ پاکستان کی دس ہزار سے زائد فوج اس میں شامل ہے۔ اس وقت سب سے بڑی UN Peace Keeping میں پاکستان کی contribution ہے۔ تو میں آپ کی اجازت سے یہ House میں present کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman: The report stands presented.

Mr. Chairman: Item No. 3, Tahir Hussain Mashhadi sahib.

Senator Col. (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. I, as the Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges move that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the delay in presentation of report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa regarding his arrest and detention by the police at Lahore on 16th April, 2005, be condoned till today.

Mr. Chairman: Now, I put the Motion to the House.

(The motion was carried.)

Mr. Chairman: The motion is carried. Item No. 4, Mashhadi sahib.

Senator Col. (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: I, the Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges present the report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Sardar Muhammad Latif Khan Khosa regarding his arrest and detention by the police at Lahore on 16th April, 2005.

Mr. Chairman: The report stands presented. Now, we will take up the issues, as discussed, on the current affairs and external situation. Agha sahib, would you like to move it?

Senator Kamil Ali Agha: Yes sir. The House may discuss the external factors relevant to the integrity and security of the country.

Mr. Chairman: Raza sahib, do you feel that there should be a discussion on this?

Senator Mian Raza Rabbani: Yes, sir.

Mr. Chairman: Yes, Bhinder sahib.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب والا! آج Private Members' Day ہے اور سارا agenda Private Members' Day کا ہے' اس لیے اگر پہلے وہ motion move کر لیتے تو بہتر ہوتا۔

جناب چیئرمین: وہ کر لیتے ہیں لیکن ویسے پہلے House Committee میں یہ agree ہو گیا تھا but if you like to move it formally, it is O.K. رضا صاحب آپ move کر دیں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر ، جناب والا ! on the floor of the House

agree ہونا ضروری ہے۔ یہ agenda suspend ہوگا تو کارروائی آگے چلے گی۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move under Rule 194 that all the relevant rules in connection with the Private Members' Day may be suspended and the Motion under Rule 194 that has been moved may be taken up.

Mr. Chairman: I put the Motion to the House.

(The motion was carried.)

Mr. Chairman: The approval of the House is there and Agha sahib, would you like to open the debate?

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر ، جناب والا! میں ایک اور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے سیشن میں بھی صرف ایک ہوا تھا'' دونوں لیڈر صاحبان کو یاد Private Members' Day ہوگا' دوسرا due تھا' وعدہ ہوا تھا' نہیں ہو سکا تھا' فیصلہ یہ تھا کہ اس کو آج prorogue کرنا ہے' وہ prorogue ہوگیا ۔ آج بھی جناب والا ! Private Members' Day ہے' legislation ہے' Bills ہیں' یہ فیصلہ کیونکہ لیڈران کا ہے اس لیے وہ تو تسلیم ہے' صرف یہ فرما دیا جائے کہ اس سیشن میں اس کے لیے کوئی موقع دیا جائے گا یا نہیں دیا جائے گا۔

جناب چیئرمین ، میرے خیال میں ضرور دیا جائے گا کیونکہ یہ Session requisition کیا تھا ایک purpose کے لیے۔ ہمارا جو normal session آ رہا ہے اس میں یقیناً ضرور موقع دیا جائے گا۔ آپ تسلی رکھیں۔ آغا صاحب! the floor is yours.

Commenced Motion under rule 194:-

Discussion on the External Factors Relevant to the Integrity and Security of the Country.

سینیٹر کامل علی آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آج جس issue پر میں بات کرنا چاہ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ پاکستان کا ہر شہری، چاہے وہ کسی بھی sector سے تعلق رکھتا ہو، کسی بھی پارٹی سے تعلق رکھتا ہو، کسی بھی جماعت سے تعلق رکھتا ہو، کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو، ہر پاکستانی کو پاکستان کی سلامتی سے متعلق تشویش لاحق ہو گئی ہے۔ پاکستان کے اندرونی حالات جس ڈگر پر چل رہے ہیں وہ تو ایک علیحدہ issue ہے اور ہم اس کو discuss بھی کریں گے اور اسی اجلاس میں کریں گے لیکن جناب چیئرمین! جس بھونڈے انداز میں اس پاک ملک کی سلامتی کے تقاضوں کو ignore کیا جا رہا ہے اور جس عدم دلچسپی کے ساتھ، ابہام کے ساتھ ان challenges کو deal کیا جا رہا ہے اور ignore کیا جا رہا ہے، اس سے پاکستان کے عوام میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔

جناب چیئرمین! پاکستان کے دفاع کا معاملہ ہو یا پاکستان کی سلامتی کا مسئلہ ہو موجودہ حکمرانوں نے جس عدم دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے، واقعی پاکستان کی تاریخ میں کسی حکمران نے، کسی جماعت نے کسی دور میں اتنی بے اعتنائی نہیں برتی جتنی یہ allied parties کی حکومت برت رہی ہے اور یہ جس عدم توجہ کا شکار ہے اور جس طریقے سے اسے ignore کیا جا رہا ہے وہ واقعی قابل تشویش ہے۔ ملک کی سلامتی ایک مسلمان کی حیثیت سے اور ایک پاکستانی ہونے کی حیثیت سے ہر صورت میں مقدم ہے۔ آپ دیکھیں جناب چیئرمین! گزشتہ ادوار میں جب بھی کوئی threat ملک کی سلامتی کو درپیش ہوئی تو حکومت کی ایک آواز پر پاکستان کے ہر شہری نے لبیک کہا اور اتحاد کا مظاہرہ کیا اور پاکستانی افواج کے پیچھے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح پاکستانی عوام کھڑے ہوئے۔

آج آپ کے سامنے ہے کہ اس دنیا میں کمزور ترین ملک افغانستان اور اس کا صدر کرزئی، جس کو کوئی ملک اور کوئی حکمران سنجیدہ لینے کے لیے تیار نہیں ہے، وہ بھی پاکستان پر attack کرنے کی بات کر رہا ہے، دھمکی دے رہا ہے کہ ہم پاکستان پر حملہ آور ہوں گے۔ یہ حالت ہے پاکستان کی مغربی سرحد کی اور حکمرانوں کے alliance نے اس پر جو عدم دلچسپی کا اظہار کیا ہے وہ قابل دید ہے جناب چیئرمین۔

پاکستان کے عوام حیران ہیں کہ اس پر ممبران پارلیمنٹ نے تو تشویش کا اظہار کیا انفرادی حیثیت میں، سیاسی پارٹیوں نے بھی تشویش کا اظہار کیا، سول سوسائٹی نے تشویش کا اظہار کیا، عام آدمی نے تشویش کا اظہار کیا لیکن حکومت نے جو ایک باقاعدہ طریقہ کار ہوتا ہے ۔ وہ adopt نہیں کیا اور اس threat کو ایک عمومی سی بات سمجھتے ہوئے ignore کیا، جس کی وجہ سے ہمارا روایتی حریف ہندوستان پھر ایک مرتبہ مشرقی سرحد کے اوپر چنگھاڑنا شروع ہو گیا ہے۔ اس نے گزشتہ چند دنوں کے اندر بے شمار LOC کی خلاف ورزیاں کی ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارے دور کے اندر جس پر ہر کسی نے تنقید کی، الحمدللہ کسی کی جرات نہیں ہوئی کہ وہ اس طریقے سے پاکستان کو للکارے، پاکستان کی سالمیت کو للکارے، پاکستان کی sovereignty کو للکارے۔

جناب والا! غیر سنجیدگی کا یہ عالم ہے کہ پورے دورہ امریکہ میں آپ نے دیکھا کہ پاکستان کے دفاعی معاملات کے متعلق ایک لفظ بھی سامنے نہیں آسکا۔ اس دورے کی غیر سنجیدگی اور جس مضحکہ خیز انداز میں دورہ ہوا اس کا پورا الیکٹرانک میڈیا، پرنٹ میڈیا اور پوری دنیا گواہ ہے۔ ابتداء میں اسلام آباد ائرپورٹ سے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ شروع ہوا۔ وفد میں شامل چھ معزز صحافیوں کا سامان جہاز میں لاد کر اتار دیا گیا۔ ان کو ائرپورٹ پر اطلاع دی گئی کہ آپ کا ویزہ نہیں لگ سکا اس لیے آپ وفد میں شامل نہیں ہیں۔ آپ سنجیدگی دیکھیں، آپ انتظام دیکھیں، آپ اس دورے کی اہمیت کو دیکھیں، اقتدار والوں کے پاس اس دورے کی کیا اہمیت تھی، کیا سنجیدگی تھی اس کا اندازہ آپ اسلام آباد ائرپورٹ سے لگا سکتے ہیں۔ پہلے ہی مرحلے میں برطانیہ کا ہیتھرو ائرپورٹ اس کی شہادت دے رہا ہے۔ ایک گھنٹے کے قریب طیارہ فضا میں گھومتا رہا، آوارہ پھرتا رہا، کسی کو نیچے اطلاع ہی نہیں۔ جب وہاں پر اتر گیا تو کوئی سرکاری عہدیدار استقبال کے لیے تشریف فرما نہیں تھے۔ اس بات سے ثابت ہوتا ہے کہ اتنے بڑے دورے کے دوران اتنی غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا گیا کہ راستے میں stay کی اطلاع دینی بھی گوارا نہیں کی گئی، ضروری نہیں سمجھا گیا،اس سے کیا مطلب لیا جائے کہ اس حکومت نے ان کا مذاق اڑایا یا اس ملک کی انتظامیہ نے، حکومت نے خود اپنے وزیراعظم کا مذاق اڑایا اور اس کو مضحکہ خیز بنانے کے لیے جواز پیش کئے گئے۔

جناب چیئرمین! اب اگلا مرحلہ دیکھ لیں کہ جب محترم سید زادہ وزیراعظم اپنے امریکہ کے دورے میں، امریکہ ائرپورٹ پر اترے تو محترم کو جہاز پر receive کرنے کے لیے کوئی تشریف نہیں لایا۔ یہ کمزوری بھی پاکستان کے ان متعلقہ افسران کی ہے جو اس دورے کو organize کر رہے تھے یا پھر ایک سوالیہ نشان ہے کہ وزیراعظم پاکستان کو اس دورے کے دوران امریکہ نے کیا اہمیت دی؟ یہ بہت بڑا سوال ہے جس کے ثبوت قدم قدم پر ملتے ہیں۔ تین منٹ کی مسافت کے لیے مضحکہ خیز انداز میں یہ کہا گیا کہ وزیراعظم پاکستان، پاکستان کے لیے تین میل پیدل چل سکتے ہیں۔ ایک وزیر صاحب کی گفتگو الیکٹرانک میڈیا پر میں نے خود سنی۔ Lame excuses پیش کئے جا رہے ہیں۔ قدم قدم پر اس دورے کے دوران جو پاکستان کی رسوائی ہوئی، جس غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا گیا وہ بھی ایک سوالیہ نشان ہے کہ دفاعی معاملات کو سرے سے ignore کیا گیا۔ متوقع امداد کو فخریہ انداز میں پیش کیا گیا کہ پہلی مرتبہ ہم نے دفاع کے لیے ان سے کچھ نہیں لیا۔ ہم نے سول مسائل کے لیے، خوراک کے لیے، تعلیم کے لیے اور دیگر معاملات کے لیے پندرہ ارب ڈالر آئندہ برسوں کے لیے امریکہ سے حاصل کر کے کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیئے۔

جناب چیئرمین! نیشنل سکیورٹی کی جو اس وقت حالت ہے اس کو دیکھیں، وزیراعظم اور ان کے وفد کی سنجیدگی کو دیکھیں کہ وہ اس بات کو فخر کے ساتھ پیش کر رہے ہیں کہ پاکستان کی سلامتی کی ہمیں فکر نہیں ہے، ہمیں تو پیسے چاہئیں اپنے اللے تللوں کے لیے۔ پہلے سے ہی اربوں ڈالروں کے فرار کی خبریں زبان زد عام ہیں۔ کوئی کہہ رہا ہے کہ بیس ارب ڈالر اس ملک سے نکل گئے، کوئی کہہ رہا ہے کہ چالیس ارب ڈالر اس ملک سے نکل گئے، کوئی صرف کراچی Stock Exchange سے بیس ارب ڈالر بھاگ جانے کی بات کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین! کرپشن کی سٹوریاں زبان زد عام ہیں۔ دفاعی معاملات کو، ملک کی سلامتی کو ignore کیا جا رہا ہے اور پھر خصتی سے پہلے پاکستان کی سلامتی اور سکیورٹی کے علمبردار ادارے آئی ایس آئی کا ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے مذاق اڑایا گیا۔ پاکستان کی سلامتی کے ضامن ادارے کو برے طریقے سے پوری دنیا کے اندر رسوا کیا گیا۔ یہ وہ ادارہ ہے جس کی قابلیت کا لوہا ملکی سلامتی کے متعلق پوری دنیا نے مانا، افغان جنگ کے دوران دیگر معاملات میں، نیشنل

سکیورٹی کے معاملات میں۔ یہ الگ بات ہے کہ اس ادارے کو رسوا کرنے کی بنیاد اسی حکومتی پارٹی کے سابقہ دور میں جناب ذوالفقار علی بھٹو کے دور کے اندر رکھی گئی۔ جب اس کا سیاسی استعمال شروع کیا گیا' اس کے اندر political cell قائم کر دیا گیا۔ اس کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا۔ ایسی روایات چلیں' ایسی ہوا چلی کہ اس کے بعد' کسی ادارے کا کوئی قصور نہیں ہے' اگر اس ادارے کی اصلاح اور فلاح چاہتے ہیں تو یہ قومی سلامتی کی سیکورٹی کا ضامن ادارہ ہے' آپ ملک کے اندر بیٹھیں' اس کو اسمبلی میں لے کر آئیں' اس کے قواعد و ضوابط تبدیل کریں' اس کے متعلق قانون سازی کر لیں۔ دشمن تو اس کے متعلق تشویش کا اظہار کریں گے۔ یہ بالکل درست ہے کہ بھارت کے National Security کے Advisor, Mr. Narain نے اپنی زبان کھولی' اس پر تنقید کی اور یہ کہا کہ اب آئی ایس آئی کو ختم کر دینا چاہیے۔ یہ بالکل درست ہے کہ حامد کرزئی کے خیال میں افغانستان میں آئی ایس آئی طالبان کی مدد کر رہی ہے۔ حامد کرزئی کی طرف سے یہ الزام لگایا گیا۔ یہ بھی درست ہے کہ امریکہ بھی اس قسم کے الزامات دہرا رہا ہے اور آج بھی روزنامہ جنگ کی شہ سرخی یہی ہے کہ برطانوی اخبار نے ایک story بیان کی ہے کہ امریکہ کے میں وزیر اعظم پاکستان کی بڑی ڈانٹ ڈپٹ کی گئی اور ان کی بڑی سرزنش کی گئی اور امریکہ نے بڑی تشویش کا اظہار کیا۔ یہ بھی درست ہے کہ بھارتی سفارت خانے میں کابل کے اندر جو خودکش حملہ ہوا اس کا الزام بھی افغانستان نے پاکستان پر اور پاکستانی Security Agency, ISI پر دھر دیا لیکن کیا ان الزامات کو درخور اعتنا سمجھتے ہیں کہ ہم اپنے ادارے کا قبضہ پاکستانی پولیس کو دے دیں۔ جناب چیئرمین! ملکی سلامتی کا ادارہ اور اتنی غیر سنجیدگی کہ اس کو notify کیا جا رہا ہے کہ اس کو وزارت داخلہ کے سپرد کر دیا جائے اور جواز یہ بنایا جائے کہ اس ادارے کو Civil Administration کے زیر نگرانی چلانے کے لیے یہ کاوش کی جا رہی ہے۔ آخری لمحوں میں کس کو خوش کرنے کے لیے جناب چیئرمین؟ بھارت کو خوش کرنے کے لیے جس کو انہوں نے اپنے گزشتہ دور کے اندر چند لسٹیں فراہم کی تھیں؟ راجیو گاندھی کی پاکستان تشریف آوری پر کشمیر روڈ کا بورڈ اتار پھینکا تھا' ان کو خوش کرنے کے لیے؟ یا اس کو خوش کرنے کے لیے جو پاکستان کے اندر حملہ آور ہونے کی threat دے رہا تھا' دھمکی دے رہا تھا۔ یا ان کو خوش کرنے کے لیے جن کے پاس یہ تشریف فرما

ہونے جا رہے تھے اور جس کا مقصد صرف اور صرف اپنے اللے تللوں کے لیے رقوم حاصل کرنا تھا۔

پاکستان کے اندر تو جناب چیئرمین! سنجیدگی کا یہ عالم ہے کہ اگر عوام کو relief دینے کی بات ہوتی ہے تو یہ اور ان کے وزراء پریس کانفرنس میں relief کی بات کرتے ہیں اور گھنٹوں کے بعد اس کی تردید آتی ہے کہ عوام کو relief نہیں ملے گا بلکہ حکومت کو relief ملے گا، یہ افسوسناک واقعات ہیں ۔جناب! confusion ہی confusion ہے۔ غیر سنجیدگی اور غیر سنجیدگی تسلسل کے ساتھ۔ National Security کے معاملے کو بھی انہوں نے اسی زمرے میں رکھ لیا ہے۔ وہی تسلسل جاری ہے۔ پاکستان کی security کسی صورت میں بھی اتنی غیر دلچسپی کی مظہر نہیں تھی اور اتنی غیر سنجیدگی کہ اپنے اداروں کی تباہی کو بالکل ایسے سمجھ لیا جائے جیسے گاجر مولی ہوتی ہے جناب۔ یہ طریقہ کار اور یہ طرز عمل پاکستان میں پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا جناب چیئرمین، لیکن میں آپ کو یہ بتاؤں کہ پاکستان کے عوام، پاکستان کی سول سوسائٹی، پاکستان کا media اور پاکستان کی سیاست اور سیاسی عمل میں شامل سیاسی کارکن قطعی طور پر اس رویے کو برداشت نہیں کریں گے جناب۔ یہ بڑے دو ٹوک الفاظ میں ان پر روشناس ہو جانا چاہیے کہ پاکستان کی سالمیت، پاکستان کا ہر شہری یہ سمجھتا ہے کہ پاکستان ان کو ان کی جان سے بھی پیارا ہے۔ اس دھرتی کو قائم رہنا ہے اور اس ملک پر صرف وہ حکمران رہ سکتے ہیں جن کو پاکستان اپنی جان سے بھی پیارا ہو۔ وہ بھوکے ننگے ان کی مہنگائی کے لتاڑے رہ سکتے ہیں۔ وہ آٹا دو سو پچاسی روپے کی بجائے ساڑھے پانچ سو کا خرید سکتے ہیں۔ وہ loadshedding تین گھنٹے کی بجائے اٹھارہ گھنٹے برداشت کر سکتے ہیں۔ وہ پٹرول چالیس کی بجائے پچاسی، چھیاسی روپے میں خرید سکتے ہیں۔ وہ اپنے پیٹ پر پتھر باندھ سکتے ہیں لیکن پاکستان کی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔

جناب چیئرمین! یہ غیر سنجیدگی اور پھر اس پر یہ کہ انڈیا ہو، افغانستان ہو، امریکہ ہو، ان کے ساتھ آنکھوں میں آنکھیں ملا کر بھی بات نہ کرنا پہلی مرتبہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور غیر ملک کی سرزمین پر کھڑے ہو کر وزیر دفاع کا مجھے وہ بیان یاد آ رہا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ جناب صدر بش صاحب نے وزیر اعظم پاکستان کی ISI کے معاملے میں بڑی سرزنش فرمائی ہے

اور انہوں نے فرمایا ہے کہ ISI دہشت گردوں کو information فراہم کرتی ہے۔ وہ زبان جل کیوں نہیں گئی جناب۔ پاکستان کا وزیر دفاع ہو اور دفاع کے علمبردار ادارے کے متعلق یہ گفتگو کر رہا ہو اور وزیر اعظم جس نے یہ بات غیر ملک کے سربراہ سے سنی اور احتجاج کا ایک لفظ بھی کسی جگہ پر سامنے نہ آیا جناب چیئرمین' یہ بڑا افسوس ناک واقعہ ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا: بالکل یہ آپ کا مطالبہ درست ہے۔ جناب چیئرمین! اپنی اصلاح کے لیے اگر اتنی مداخلت کی ضرورت تھی تو ہم سیاسی لوگ جمہوریت کے علمبردار، صحافتی آزادیوں کے علمبردار، عوام کی فلاح کے علمبردار، پاکستان کی سالمیت کے علمبردار کسی جگہ تو اپنے وجود کا ثبوت دے دیں، مہنگائی کے معاملے میں نہیں ، رسوائی کے معاملے میں نہیں ، ملکی سلامتی کے معاملے میں تو کچھ سنجیدگی اختیار کر لیں۔جناب چیئرمین! میں چاہوں گا کہ اگر یہ واقعی ملک کے وفادار ہیں اور یقیناً وفادار ہیں ، ملک کے یہ ہمدرد ہیں ، عوام کے ہمدرد ہیں تو ان کے دعوے کدھر گئے! یہ تو ہمیشہ کہتے تھے کہ فیصلے پارلیمنٹ میں ہونے چاہیئں ۔جناب چیئرمین! امریکہ کا دورہ ہو ، دہشت گردی یعنی war on terror کی پالیسی ہو ، لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ہو ، مہنگائی کا مسئلہ ہو ، کسی مسئلے پر بھی انہوں نے پارلیمنٹ کو اس قابل نہیں سمجھا آج تک چار ماہ کے اندر ۔ جناب ! سو دن بھی گزر گئے ، سو دن کا پروگرام بھی گزر گیا ، سو دن کے پروگرام کے اندر پانچواں اور چھٹا point یہ تھا کہ پارلیمنٹ کو مضبوط کریں گے ، پارلیمنٹ کو مستحکم کریں گے۔یہ کیسا استحکام ہے ۔جناب ! پارلیمنٹ کو اس قابل نہیں سمجھا جا رہا ۔ دوسروں کو طعنے دینے والے آج قائد عوام ، وزیر اعظم پاکستان خود بھی قائد ایوان ہونے کے باوجود ایوان کو اس قابل نہیں سمجھتے کہ اس کو اعتماد میں لے لیں۔تو اس debate کی ابتداء میں یہ مطالبہ ہوگا کہ ان پالیسیوں کو پارلیمنٹ کے اندر زیر بحث لایا جائے ۔عوام کے نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے اور پارلیمنٹ کے اندر policies کو وضع کیا جائے تاکہ ان کا کوئی وعدہ جو انہوں نے سو دن کے لیے کیا تھا وہ اگلے سو سال میں پورا ہونے کی امید عوام وابستہ کر لے ۔ہم نے ابتدا میں کہا تھا کہ ہم اپوزیشن کے اندر بیٹھ کر issuesکے اوپر بات کریں گے ۔ ان کی اصلاح

کریں گے، مثبت تنقید کریں گے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ جناب چیئرمین! ہم ملک کی سلامتی کے معاملے میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کریں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آج آپ نے مجھے اس issue پر پہلے بولنے کا موقع دیا۔میرے دوست احباب، میرے ساتھی اس issue پر بات کریں گے تو تفصیلاً اس issue پر بات کریں گے۔میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آخر میں آپ کے لیے دعا کرتا ہوں کہ اللہ آپ کو نیکی کی ہدایت دے۔ دیکھیں کتنی اچھی میں نے دعا مانگی ہے۔

جناب چیئرمین! میری بہن کو کافی ماشاء اللہ مشکل پیش آ رہی ہے۔میں شاید ان کی مشکل دور نہیں فرما سکتا لیکن بہرحال میں اپنی گفتگو کے آخر میں یہ کہوں گا اور یہ گزارش کروں گا کہ دو چیزیں، میں، ایک افغان صدر حامدکرزئی کی threat ہے اس ہاؤس کے اندر اس debate کو conclude کرتے ہوئے ایک مذمتی قرار داد ضرور پاس کی جائے اور دوسرا LOC پر بھارتی فوج کی خلاف ورزیاں سامنے آ رہی ہیں اور فائرنگ کے واقعات ہو رہے ہیں، اس کے متعلق بھی ایک مذمتی قرار داد پاس کی جائے۔ کشمیر issue پر، کشمیر کی جدوجہد آزادی اور تحریک آزادی کے جو مجاہدین ہیں ان کے حق میں بھی ایک قرار داد پاس کی جائے۔شکریہ

جناب چیئرمین، ڈاکٹر کوثر فردوس صاحبہ، ایک سکینڈ، رضا صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ You want to speak now.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جی

جناب چیئرمین، رضا ربانی صاحب، اس کے بعد پھر آپ کی طرف آتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، The foreign Minister will wind up. جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے یہ موقع مجھے فراہم کیا کہ فاضل قائد حزب اختلاف نے جو اعتراضات اٹھائے ہیں ان کی روشنی میں، میں گفتگو کر سکوں ۔سب سے پہلے تو میں یہ بات اس ایوان کے اندر کہہ چکا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک نہایت افسوسناک روش ہے جو اپنائی جاتی ہے establishment کی طرف سے اور establishment کی supported political parties کی طرف سے کہ patriotism میں وہ personified ہیں اور جو دیگر

جماعتیں ہیں چاہے ان کا تعلق بائیں بازو سے ہو ' چاہے ان کا تعلق nationalism سے ہو ' یا ان کا تعلق ethnic background سے ہو ' دیگر تمام جماعتیں اور تمام سیاسی کارکن اور پاکستان کے عوام ماسوائے ان کے باقی تمام لوگ جو ہیں ان کو اس ملک کا کوئی خیال نہیں ہے - یہ بات ہم نے پہلے بھی کہی اور یہ بات آج بھی ہم کہتے ہیں کہ ہمیں کسی سے کسی قسم کے certificate کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم محب وطن ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

ہم اس logic کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں کہ پاکستان کی establishment یا پاکستان کی establishment کے پروردہ سیاست دان پاکستان کی سالمیت کے ٹھیکیدار ہیں۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے جناب چیئرمین! کہ سوائے اپنے اقتدار کو طول دینے کے اپنے اقتدار پر قبضہ رکھنے کے لیے انہوں نے پاکستان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے اور جناب چیئرمین ! مجھے اس بات پر حیرت ہو رہی تھی۔ جب یہ بات کی جا رہی تھی اور patriotism میں پاکستان پیپلز پارٹی یا دیگر جماعتوں کا ماضی یاد دلایا جا رہا تھا۔ جناب والا! آج وہ کیوں بھول رہے ہیں کہ وہ اس وقت برسر اقتدار تھے جب ایک telephone call پر جنرل مشرف نے 9/11 کے واقعہ پر پاکستان کی پالیسی کو 190 degree turn کیا۔

(آوازیں۔ شیم ۔شیم)

اس وقت ان کی patriotism کہاں پر تھی؟ جناب چیئرمین! پھر اس وقت ان کی patriotism کہاں پر تھی جب کشمیر پالیسی پر fundamental shift جنرل مشرف لے کر آئے اور ساری پالیسی کو change کر دیا گیا لیکن اقتدار کی ہوس میں ' اقتدار کے ساتھ چمٹے رہنے کے لیے کشمیر پالیسی میں shift کو برداشت کیا' نہ صرف برداشت کیا بلکہ اس floor پر اور نیشنل اسمبلی میں اور international fora پر اس پالیسی کو انہوں نے support کیا۔ آج ہمیں موردالزام ٹھہرایا جاتا ہے۔ آج یہ کہا جاتاہے کہ افسوس ہے کہ وزیر دفاع نے ایک ایسا بیان دیا اور پھر اس کے ساتھ یہ بھی کہا جاتاہے کہ افسوس ہے کہ ایسا وزیر اعظم ہے جس نے ISI کےبارے میں بیٹھ کر یہ باتیں سنیں۔ جناب چیئرمین! کتنی چھوٹی ہے ہماری یادداشت ؟ مسلم لیگ(ق) کی حکومت تھی ' shortcut Aziz وزیر اعظم تھا' جب 4 مارچ 2006

کو یہاں پر جارج بش آیا اور اس نے in a press conference reject کیا۔

It was during the tenure of Mr. Shaukat Aziz that USA rejected the deal with Pakistan in the most categorical term and now I am talking about the nuclear parallel to India. President Bush on the 4th of March, 2006 at a joint press conference with General Musharraf in Islamabad said that Pakistan should not expect a civil nuclear agreement like the one with India. He said clearly that the two countries could not be compared with each other.

اس نے اس joint press conference میں یہ واضح الفاظ میں کہا اور وہاں ان کی کابینہ کے تمام وزیر موجود تھے کہ ہندوستان اور پاکستان کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔' اس وقت پوری کابینہ بھی نابینا بنی رہی اور صدر بھی خاموش تماشائی بن کر بیٹھا رہا۔

(آوازیں - شیم۔ شیم)

And today you have audacity to challenge a Prime Minister who represents the mandate of the people, whom mandate was explicitly given in the election of 18th of February. He went as the leader of the Pakistan. He did not go like Shaukat Aziz or like their Prime Minister who went there as leader of the client state and that is the difference, Mr. Chairman.

اگر آج یورپ یا امریکہ میں ایک hostile press پاکستان کو مل رہا ہے تو اس کا مقصد یہی ہے اور western press hostile اس لیے ہے کہ Pakistan is no longer singing the American tune as it was at that time. پاکستان نے بڑے واضح الفاظ میں یہ بات کہی ہے کہ ہماری strategy on the war on terror or the fight against terror جنرل مشرف اور مسلم لیگ (ق) کی strategy سے مختلف ہے۔ اور وہ strategy شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے جب وہ زندہ تھیں، دی تھی۔ انہوں نے اس strategy کو، اس philosophy کو out line کیا تھا اور وہ doctrine three prongs ہے، وہ doctrine No. 1. Believe in

engaging in dialogue. یہ مسئلہ ہمارا ہے، اس کو بہتر طور پر حل کرنا ہم جانتے ہیں۔ ہم نے ضیاء کی پالیسی بھی دیکھی ہے جسے یہ آج بھی support کرتے ہیں، جس کے backlash میں پاکستان کی سوسائٹی میں kalashnikov culture نے جنم لیا۔ ہم نے وہ پالیسی بھی دیکھی۔ ہم نے جنرل مشرف کی یہ پالیسی بھی دیکھی جس نے اس ملک کو destabilized کر دیا۔ جب آج ہم internal terrorism کی بات کرتے ہیں اور internal polarization کی بات کرتے ہیں تو یہ تمام کی تمام چیزیں اس پالیسی کی مرہون منت ہیں۔ جناب والا! ہمارا پہلا قدم اس پالیسی کا ہے to engage in dialogue اور دوسرا قدم اس پالیسی کا ہے کہ you have to win the hearts and minds and Mr. Chairman, you can only win the hearts and minds اگر آپ ان علاقوں میں اقتصادی ترقی کریں گے، جب آپ وہاں کے لوگوں کو، وہاں کے عوام کو political main stream میں لے کر آئیں گے اور اس پالیسی کا تیسرا جزو ہے the selective use of force. The selective use of force but under a political dispensation. جب ایک political dispensation ہوگی تو پھر ایک selective use of force ہو سکتا ہے اور آپ نے دیکھا کہ شروع دن سے جب سے یہ coalition government معرض وجود میں آئی ہے تو United States کی طرف سے dialogue کی مخالفت ہوتی چلی آئی ہے۔ اس لیے اگر آج western press اور western media پاکستان کے وزیر اعظم کے visit پر hostile ہے تو اس کی بنیادی reason یہ ہے کہ Pakistan is no longer playing the role of following the bagpiper. جناب چیئرمین صاحب ! یہ واضح فرق ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر یہ کہا گیا کہ وہاں پر پاکستان کا point of view مکمل طور پر نہیں بتایا گیا - No. 1. Pakistan's point of view, it was strongly reiterated that Pakistan will not tolerate any infringement on its territorial sovereignty.

یہ بات امریکہ میں بڑے واضح الفاظ میں وزیر اعظم نے کہی ہے کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی territorial sovereignty پر infringement برداشت نہیں کرے گا جب کہ اس کے برعکس پاکستان کی territorial sovereignty کو، پاکستان کی

economic sovereignty کو، پاکستان کی financial sovereignty کو بین الاقوامی مالیاتی سامراج کے ہاتھوں گروی رکھ دیا گیا اور آج ہمیں یہ طعنہ دیا جا رہا ہے کہ ہم پاکستان کی integrity کو اور پاکستان کی sovereignty کو defend نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین! اس floor پر کی گئی وہ debate یاد کریں جب یہاں سے کھڑے ہو کر PML(Q) کی گورنمنٹ نے جو امریکی attack کیا گیا تھا، اس کو خود own کیا تھا اور فرق آپ دیکھیں کہ جب پہلا امریکی attack coalition government میں ہوتا ہے تو اسی floor پر آپ کے سامنے میں نے یہاں پر آ کر بتایا کہ the American Ambassador was summoned that evening to the Foreign Office and a de'marche was given.

کہاں یہ کہ وہ ان کے actions پر یہ کہتے تھے کہ یہ ہم نے کئے ہیں۔ کہاں یہ کہ اب اپنی sovereignty کو defend کرنے کے لیے Foreign Office امریکی سفیر کو بلا کر ایک de'marche issue کرتا ہے۔

In contradiction to the past traditions, I have already said that Mr. Chairman, the emphasis by Bush in his press talk on Pakistan's sovereignty, clearly indicates that the issue was vehemently raised by the Prime Minister. It also reflects that unilateral US action in Pakistan's tribal areas came under constant discussion in these meetings. I have already spoken to you on the question of the three pronged strategy.

اور پھر جناب چیئرمین! آئی ایس آئی کی بات کی گئی اور آئی ایس آئی کی جب بات کی گئی تو پاکستان کی establishment کا کھانا ہضم نہیں ہوتا جب تک کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پر تنقید نہ کی جائے اور حسب عادت وہ تنقید کی گئی اور حسب عادت ہم نے وہ تنقید سنی۔ کیونکہ تاریخ اور پاکستان کے عوام، پاکستان کے غریب اور محنت کش اس کو امر کر چکے۔ لیکن پھر بھی کہا گیا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے آئی ایس آئی کا political wing بنایا۔ جناب چیئرمین! یہاں پر وہ صاحب فاضل ممبر کی حیثیت سے موجود ہیں اور مجھے یقین ہے کہ وہ میری اس بات کی تردید نہیں کریں گے، کیونکہ یہ ان کے اپنے ہاتھ کی لکھائی ہے اور وہ فاضل ممبر ہمارے ممبر

بھی نہیں ہیں ۔ وہ فاضل ممبر پی ایم ایل کیو کے ممبر ہیں لیکن وہ فاضل ممبر آئی ایس آئی کے چیف رہ چکے ہیں ۔ ایک بار پہلے جب یہ بحث چھڑی اور یہی بات دہرائی گئی کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے آئی ایس آئی کا political wing بنایا تھا تو

I salute him, sir, for his courage, for his truthfulness and for his forthrightness and he says that "ZAB assigned a secondary role to ISI for reporting on internal situation. A wing was created with detachments in major cities to appraise the government about internal happenings. It had nothing to do", I repeat, "It had nothing to do with politics. Different governments, particularly during the military regimes have used this internal wing for political purposes". This is not what I have said. This is what a representative of the institution, itself has said

